## سوال

(76) نماز جمعہ میں لوگ اکثر علمی کا خطبہ پڑھا کرتے ہیں الخ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز جمعہ میں لوگ اکثر علمی کا خطبہ پڑھا کرتے ہیں جس کے اندر اشعار بھی ہوتے ہیں جو مانند گانے کے پڑھا جاتا ہے کیا اس طرح کے اشعار راگ کے ساتھ خطبہ کے وقت پڑھنا یا سننا جائز ہے یا ناجائز؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آنحضرت ﷺ کے خطبہ مسنونہ کا ذکر ان لفظوں میں آیا ہے کانت لرسول اللہ خطبتان یقرأ القران ویذکر الناس خطبہ مسنون یہ ہے کہ قرآن شریف کے ساتھ نصیحت کرے اس کے سوا خطبہ محض نظم میں ہو یا محض نثر میں غیر مسنون ہے۔ (فتاویٰ ثنائیہ جلد اول ص ۵۲۹)

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 04 ص 161